292. يَا مَجِيْدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا اَكْرَمُ النَّاسِ، تُرْجٰى جَمَالَتُهٗ وَقَوْلُكَ فِيْ كِتَابِ الْبُخَارِي بَابُ وُجُوبِ عِيَادَةِ الْمَرِيضِ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِيْ مَا اِحْتَرَقَ مِنْدِيْلُهُ الَّذِيْ كَانَ عِنْدَ اَنَسٍ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَمحرر بن عامر (خزرجی)رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْمَجِيْدُ الْحَفِيْظُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقاو سردار حضرت اکرم الناس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جن سے جمال کی اُمید ہے باب بیمار کی مزاج پرسی کا واجب ہونا اور حضرت انس رضی اللہ عنہ کے رومال کا نہ جلنے کا معجزہ رکھنے والے اور درود وسلام و برکت بھیج آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین ومحرر بن عامر (خزرجی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

293. يَا مَجِيْدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا اِمَامُ الْعَامِلِيْنَ، تُرْجٰى سَخَاوَتُهٗ وَقَوْلُكَ فِيْ كِتَابِ الْبُخَارِي بَابُ مَنْ ذَهَبَ بِالصَّبِيِّ الْمَرِيضِ لِيُدْعٰى لَهٗ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِيْ مَا وَقَعَ بِهٖ جَرِيْرٌ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ عَنِ الْفَرَسِ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَمحمد بن مسلمه (اوسی)رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْمَجِيْدُ الْحَفِيْظُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقاو سردار حضرت امام العاملین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جن سے سخاوت کی اُمید ہے باب مریض بچے کو کسی بزرگ کے پاس لے جانا کہ اس کی صحت کے لیے دعا کریں اور حضرت جریر رضی اللہ عنہ کا گھوڑے سے گرنے کا معجزہ رکھنے والے اور درود وسلام و برکت بھیج آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین ومحمد بن مسلمہ (اوسی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

294. يَا مَجِيْدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا تَالِي الْقُرْاٰنِ، بِعَدَدِ مَا فِيْ عِلْمِكَ نَفْسًا نَفْسًا وَقَوْلُكَ فِيْ كِتَابِ الْبُخَارِي بَابُ الْعَيْنُ حَقٌّ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِيْ لَمْ يَكُنْ عَلٰى حَالٍ يُّمَاشِيْهِ اَحَدٌ يُّنْسَبُ اِلَى الطُّوْلِ اِلَّا عَلَاهُ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَمرثد بن ابی مرثد کناز بن حصن رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْمَجِيْدُ الْحَفِيْظُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقاو سردار حضرت تالی القران صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہر نفس کے علم کے تعداد کے برابر باب نظر بد کا لگنا حق ہے اور (الَّذِيْ لَمْ يَكُنْ عَلٰى حَالٍ يُّمَاشِيْهِ اَحَدٌ يُّنْسَبُ اِلَى الطُّوْلِ اِلَّا عَلَاهُ) معجزہ رکھنے والے اور درود

سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و مرثد بن ابی مرثد کناز بن حصن رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

295. يَا مَجِيْدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدِنَا التَّائِبُ، بِعَدَدِ كُلِّ نَفْسٍ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الْبُخَارِي بَابُ الْفَأْلِ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِيْ رَآى فَوْقَ رَأْسِهِ أَبُوْ جَهْلٍ ثُعْبَانًا كَبِيْرًا) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ ومسعود بن اوس (خزرجی) رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْمَجِيْدُ الْحَفِيْظُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت تائب ﷺ والدین تمام نفوس کے تعداد کے برابر باب نیک فال لینا کچھ برا نہیں ہے اور ابو جہل کی گردن کاٹنے کا واقعہ کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و مسعود بن اوس (خزرجی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

296. يَا مَجِيْدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدِنَا الْحَاكِمُ مَا اَنْزَلَ اللهُ، بِعَدَدِ كُلِّ رُوْحٍ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الْبُخَارِي بَابُ السِّحْرِ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِيْ اَخْذَ رَآيَتَهُ يَوْمَ اُحُدٍ مَّلَكٌ عَلَى صُوْرَةِ مُصْعَبِ ابْنِ عُمَيْرٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ ومسعود بن ربیعہ رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْمَجِيْدُ الْحَفِيْظُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت حاکم ما انزل اللہ ﷺ والدین تمام روحوں کے تعداد کے برابر باب جادو کے بیان میں اور یوم اُحد کو حضرت مصعب بن عمیرؓ کے شکل میں ملائکہ کو دیکھنے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و مسعود بن ربیعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

297. يَا مَجِيْدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدِنَا الْمُعْطِى سُؤْلَهُ، بِعَدَدِ ذَرَّاتِ شُمُوْسِ الْقُلُوْبِ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الْبُخَارِي بَابُ قَوْلِ اللهِ تَعَالَى {قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِينَةَ اللهِ الَّتِي أَخْرَجَ لِعِبَادِهِ} وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِيْ اَخْبَرَ اَنَّ عَلِيًّا رَضِيَ اللهُ عَنْهُ يُحَارِبُهُ الزُّبَيْرُ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ ومسعود بن سعد (خزرجی) رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْمَجِيْدُ الْحَفِيْظُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت معطی سؤلہ ﷺ والدین تمام قلوب کے سورجوں کے ذروں کے تعداد کے برابر باب اللہ پاک کا سورۃ الاعراف میں فرمان اے رسول! کہہ دو کہ کس نے وہ زیب و زینت کی چیزیں حرام کیں ہیں جو اس نے بندوں کے لیے (زمین سے) پیدا کی ہیں (یعنی عمدہ عمدہ لباس)۔ اور آپ ﷺ نے حضرت زبیرؓ اور حضرت علیؓ کے جھگڑوں کی خبر کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و مسعود بن سعد (خزرجی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

298. يَا مَجِيْدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدِنَا مُفَلَّجُ الْاَسْنَانِ، بِعَدَدِ اَنْوَارِ بُدُوْرِ الْقُلُوْبِ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ

الْبُخَارِی بَابُ مَا أَسْفَلَ مِنَ الْكَعْبَيْنِ فَهُوَ فِي النَّارِ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِیْ نَبَأَ بِاَنَّ الزُّبَيْرَ رَضِیَ اللهُ عَنْهُ يَنْدِمُ مِنْ خَزْبِ عَلِيِّ ابْنِ اَبِیْ طَالِبٍ رَضِیَ اللهُ عَنْهُ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَمصعب بن عمير رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْمَجِيْدُ الْحَفِيْظُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت مفلج الاسنان صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم منور قلوب کے انوار کے ذرات کے تعداد کے برابر باب کپڑا جو ٹخنوں سے نیچے ہو (ازار ہو یا کرتہ یا چغہ) وہ اپنے پہننے والے مرد کو دوزخ میں لے جائے گا جب کہ وہ پہننے والا متکبر ہو اور حضرت زبیرؓ بن عوام کا حضرت علیؓ کے ساتھ جھگڑے پر ندامت کے خبر کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و مصعب بن عمیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

299. يَا مَجِيْدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا الْمُفْلِحِ حُجَّتُهٗ، بِعَدَدِ تَجَلِّيَاتِكَ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الْبُخَارِی بَابُ التَّقَنُّعِ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِیْ اَطْعَمَ مِنَ الْمَزَادَةِ ثَمَانِمِائَةِ رَاكِبٍ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَمعاذ بن حارث (خزرجی) رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْمَجِيْدُ الْحَفِيْظُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت مفلح حجتہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تجلیات کے تعداد کے برابر باب سر پر کپڑا ڈال کر سر چھپانا اور برتن سے کھانے کا واقعہ کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و معاذ بن حارث (خزرجی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

300. يَا مَجِيْدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا الْمُقَاتِلِ فِيْ سَبِيْلِ اللهِ، بِعَدَدِ صِفَاتِ ذَاتِكَ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الْبُخَارِی بَابُ الْخَمِيصَةِ السَّوْدَاءِ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِیْ كَلَّمَتْهُ النَّاقَةُ فِيْ صَاحِبِهَا فَقَالَتْ اَنَّهُ مَا سَرَقَنِيْ وَلَامَلَكَنِيْ اَحَدٌ سِوَاءُ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَمعاذ بن عمرو (خزرجی) رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْمَجِيْدُ الْحَفِيْظُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت مقاتل فی سبیل اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ذات کی صفات کی تعداد کے برابر باب کالی کملی کا بیان اور ملکیت کے بارے اونٹنی کی گواہی کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و معاذ بن عمرو (خزرجی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

301. يَا مَجِيْدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا الْمُوْصِلُ، بِعَدَدِ مَظَاهِرِ ذَاتِكَ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الْبُخَارِی 24- بَابُ الثِّيَابِ الْبِيضِ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِیْ اَخْبَرَ بِقَتْلِ الْحُسَيْنِ رَضِیَ اللهُ عَنْهُ وَمَحَلِّ مَوْتِهٖ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَمعيد بن عباد (خزرجی) رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْمَجِيْدُ الْحَفِيْظُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت موصل صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ذات کے مظاہر کے تعداد کے برابر باب سفید کپڑے پہننا اور قتل اور مقام موت حضرت حسینؓ کے خبر دینے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام

وبرکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین ومعید بن عباد (خزرجی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

302. يَا مَجِيْدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا النَّاطِقُ بِالْحَقِّ، بِعَدَدِ مَبَاطِنِ ذَاتِكَ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الْبُخَارِي 38- بَابُ يَبْدَأُ بِالنَّعْلِ الْيُمْنَى وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِىْ دَعَا لِدَوْسٍ وَّثَقِيْفٍ فَجَآؤُوْا مُعْتَرِفِيْنَ لَه بِالْاِيْمَانِ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَة ومعتب بن قشير (اوسى) رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْمَجِيْدُ الْحَفِيْظُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت ناطق بالحق ﷺ اشیاء کے باطن کے تعداد کے برابر باب اس بیان میں کہ پہنتے وقت داہنے پاؤں میں جوتا پہنے اور دوس اور ثقیف آپ ﷺ کی دعا سے ایمان لانے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام وبرکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و معتب بن قشیر (اوسی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

303. يَا مَجِيْدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا الْوَاعِىْ لِوَحْيِ اللهِ، بِعَدَدِ مَوْجُوْدَاتِكَ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الْبُخَارِي 39- بَابُ يَنْزِعُ نَعْلَ الْيُسْرٰى وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِىْ كَانَ اِذَا مَشٰى عَلَى الرَّمْلِ كَانَ بَيْنَه وَبَيْنَه حَائِلٌ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَة ومعمر بن حارث رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْمَجِيْدُ الْحَفِيْظُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت واعی لوحی اللہ ﷺ والدین تمام موجودات کے تعداد کے برابر باب اس بیان میں کہ پہلے بائیں پیر کا جوتا اتارے بعد میں دائیں پیر کا اور ریت پر چلنے کا واقعہ اور پہاڑ کا حائل ہونے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام وبرکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و معمر بن حارث رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

304. يَا مَجِيْدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا هُدًى لِّلْعٰلَمِيْنَ، بِعَدَدِ مَعْلُوْمَاتِكَ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الْبُخَارِي 40- بَابُ لَا يَمْشِي فِي نَعْلٍ وَاحِدٍ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِىْ قَالَ تَخْرُجُ لِلْجِهَادِ وَتَمُوْتُ بِالْحُمّٰى لِذِى الْبَجَادَيْنِ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَة ومعن بن عدى (اوسى) رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْمَجِيْدُ الْحَفِيْظُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت ھدی للعلمین ﷺ اللہ کے معلومات کے تعداد کے برابر باب اس بارے میں کہ صرف ایک پاؤں میں جوتا ہو دوسرا پیر ننگا ہو اس طرح چلنا منع ہے اور حضرت بجادین کا جہاد کے لیے نکلنا اور اس کی موت کا واقعہ کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام وبرکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و معن بن عدی (اوسی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

305. يَا مَجِيْدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا الْمَبْعُوْثُ بِالْعِلْمِ، بِعَدَدِ مَا عَلَيْهِ الْعَدَدُ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الْبُخَارِي

63-بَابُ قَصِّ الشَّارِبِ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِیْ اِزْدَلَفَتْ کُلٌّ وَاحِدٍ مِّنَ الْبَدَنَاتِ وَقْتَ النَّحْرِ اِلَیْہِ) صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَوَالِدَیْہِ وَسَائِرِ الصَّحَابَۃ وَمعوذ بن حارث (خزرجی) رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْمَجِیْدُ الْحَفِیْظُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت مبعوث بالعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اشیاء کے تعداد کے برابر باب مونچھوں کا کتروانا اور نحر اونٹ کے وقت اونٹ کا ایک دوسروں پر سبقت کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و معوذ بن حارث (خزرجی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

306. یَا مَجِیْدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُجِیْبُ الدَّعْوَۃِ بِعَدَدِ مَا عَلَیْہِ الْحَدُّ وَقَوْلُكَ فِیْ کِتَابِ الْبُخَارِی 64- بَابُ تَقْلِیمِ الأَظْفَارِ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَۃِ (الَّذِیْ اَشْبَعَ اَھْلَ الصُّفَّۃِ بِکَأْسٍ مِّنَ الطَّعَامِ) صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَوَالِدَیْہِ وَسَائِرِ الصَّحَابَۃ وَمقداد بن اسود رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْمَجِیْدُ الْحَفِیْظُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت مجیب الدعوۃ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آنے والے چیزوں کے ذروں کے تعداد کے برابر باب ناخن ترشوانے کا بیان اور اہل صفہ کا ایک کاسہ کھانے سے پیٹ بھر جانے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و مقداد بن اسود رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

307. یَا مَجِیْدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا الْخَاتَمُ، بِعَدَدِ مَا عَلَیْہِ الْاَبَدُ وَقَوْلُكَ فِیْ کِتَابِ الْبُخَارِی 65-بَابُ إِعْفَاءِ اللِّحَی وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَۃِ (الَّذِیْ اَخْبَرَ بِفَتْحِ عُمَّانَ) صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَوَالِدَیْہِ وَسَائِرِ الصَّحَابَۃ وَمنذر بن عمرو (خزرجی) رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْمَجِیْدُ الْحَفِیْظُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت خاتم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ابد تک والدین تمام چیزوں کے تعداد کے برابر باب داڑھی کا چھوڑ دینا اور عمان کی فتح کی خبر دینے والے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و منذر بن عمرو (خزرجی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

308. یَا مَجِیْدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا الْخَاتَمُ لِمَا سَبَقَ، بِعَدَدِ مَا عَلَیْہِ الْعَدُّ وَقَوْلُكَ فِیْ کِتَابِ الْبُخَارِی بَابُ الطِّیبِ فِی الرَّأْسِ وَاللِّحْیَۃِ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَۃِ (الَّذِیْ اَخْبَرَ عُمَیْرًا رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ بِمَا شَارَطَہ صَفْوَانُ وَبِمَا قَصَدَ مِنْ قَتْلِہ) صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَوَالِدَیْہِ وَسَائِرِ الصَّحَابَۃ وَمنذر بن محمد (اوسی) رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْمَجِیْدُ الْحَفِیْظُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت خاتم لما سبق صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان والدین تمام اشیاء کے تعداد کے برابر جن کی گنتی ہو سکتی ہے باب سر اور داڑھی میں خوشبو لگانا اور حضرت عمیر کو صفوان کے قتل کے ارادے سے آنے والے سے باخبر کرنے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و منذر بن محمد (اوسی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

309. یَا مَجِیْدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدُنَا الْخَازِنُ لِمَالِ اللّٰہِ بِعَدَدِ مَا عَلَیْہِ الْغَدُ وَقَوْلُكَ فِی كِتَابِ الْبُخَارِی 75- بَابُ الِامْتِشَاطِ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَۃِ (الَّذِیْ رَآی اَبُوْ جَھْلٍ بَعِیْرًا فَوْقَ رَأْسِہٖ) صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَوَالِدَیْہِ وَسَائِرِ الصَّحَابَۃِ ومھجع بن صالح رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْمَجِیْدُ الْحَفِیْظُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت خازن لمال اللہ ﷺ قیامت تک کے اشیاء کے ذروں کے تعداد کے برابر باب کنگھا کرنا اور تلوار کو ابوجہل کے سر پر دیکھنے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و مھجع بن صالح رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

310. یَا مَجِیْدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدُنَا خَاتِمُ النُّبُوَّۃِ بِعَدَدِ الْمَلٰئِكَۃِ وَتَقْدِیْسِھِمْ وَقَوْلُكَ فِی كِتَابِ الْبُخَارِی بَابُ قَوْلِ اللّٰہِ تَعَالٰی {وَوَصَّیْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَیْہِ} وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَۃِ (الَّذِیْ وَضَعَ كَفَّہٗ عَلٰی كَبِدِ عَمِیْرَۃَ بِنْتِ سَھْلِ الْاَنْصَارِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھَا فَمَا زَالَتْ تَجِدُ عَلٰی كَبِدِھَا بَرَدَیْہِ) صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَوَالِدَیْہِ وَسَائِرِ الصَّحَابَۃِ ومولیٰ عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْمَجِیْدُ الْحَفِیْظُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت خاتم النبوۃ ﷺ ان کی تقدیس کے تعداد کے برابر باب اور اللہ پاک نے (سورۃ لقمان اور سورۃ احقاف میں) فرمایا ہم سے انسانوں کو اس کے والدین کے ساتھ نیک سلوک کا حکم دیا ہے اور حضرت عمیرہ بنت سہل انصاریؓ کے ہاتھ کا ٹھیک ہونے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و مولیٰ عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

311. یَا مَجِیْدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدُنَا خَیْرُ الْعٰلَمِیْنَ بِعَدَدِ الْمَلٰئِكَۃِ وَتَسْبِیْحِھِمْ وَقَوْلُكَ فِی كِتَابِ الْبُخَارِی 2- بَابُ مَنْ أَحَقُّ النَّاسِ بِحُسْنِ الصُّحْبَۃِ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَۃِ (الَّذِیْ كَلَّمَ الصَّنَمُ بِیُمْنِہٖ عِكْرِمَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ) صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَوَالِدَیْہِ وَسَائِرِ الصَّحَابَۃِ ونضر بن حارث (اوسی) رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْمَجِیْدُ الْحَفِیْظُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت خیر العلمین ﷺ بہتر ملائکہ اور ان کی تسبیح کے تعداد کے برابر باب رشتہ والوں میں اچھے سلوک کا سب سے زیادہ حقدار کون ہے ؟ اور حضرت عکرمہؓ سے بت کی بات کرنے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و نضر بن حارث (اوسی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

312. یَا مَجِیْدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدُنَا خَیْرُ ھٰذِہِ الْاُمَّۃِ بِعَدَدِ الْمَلٰئِكَۃِ وَتَھْلِیْلِھِمْ وَقَوْلُكَ فِی كِتَابِ الْبُخَارِی بَابُ عُقُوْقُ الْوَالِدَیْنِ مِنَ الْكَبَائِرِ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَۃِ (الَّذِیْ كَانَ یَرٰی مَا وَرَآءَ الْجَبَلِ) صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَوَالِدَیْہِ وَسَائِرِ الصَّحَابَۃِ ونعمان اعرج (خزرجی) رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ

الْمَجِيْدُ الْحَفِيْظُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت خیر ھذہ الامۃ ﷺ ملائکہ اور ان کے تہلیل کے تعداد کے برابر باب والدین کی نافرمانی بہت ہی بڑے گناہ میں سے ہے اور پہاڑ کے پیچھے دیکھنے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و نعمان اعرج (خزرجی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

313. يَا مَجِيْدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدِنَا الدَّاعِيْ، بِعَدَدِ الْاَرْضِ وَمَا عَلَيْهَا وَمَا فِيْهَا وَقَوْلُكَ فِيْ كِتَابِ الْبُخَارِيْ بَابُ صِلَةِ الْوَالِدِ الْمُشْرِكِ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِيْ اَخْبَرَ بِاَنْ يَّظْهَرَ فِي الْيَمَامَةِ كَاذِبٌ يَّدَّعِي النُّبُوَّةَ فَيُقْتَلُ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَنعمان بن ابی خزیمہ (اوسی) رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْمَجِيْدُ الْحَفِيْظُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت داعی ﷺ زمین میں جو کچھ ہے اس کے تعداد کے برابر باب والد کافر یا مشرک ہو تب بھی اس کے ساتھ نیک سلوک کرنا اور یمامہ میں جھوٹے نبی کے وقوع کا خبر دینے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و نعمان بن ابی خزیمہ (اوسی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

314. يَا مَجِيْدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا اَتْقَى الْبَرِيَّةِ، بِعَدَدِ النُّفُوْسِ فِي الْاَنْفَاسِ وَقَوْلُكَ فِيْ كِتَابِ الْبُخَارِيْ بَابُ صِلَةِ الْمَرْاَةِ اُمَّهَا وَلَهَا زَوْجٌ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِيْ دَرَّ لِشَاةِ اَنَسٍ بِهِ اللَّبَنُ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَنعمان بن سنان (خزرجی) رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْمَجِيْدُ الْحَفِيْظُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت اتقی البریۃ ﷺ نفوس کے سانسوں کے برابر باب اگر خاوند والی مسلمان عورت اپنے کافر ماں کے ساتھ نیک سلوک کرے اور حضرت انس رضی اللہ عنہ کی بکری کا بہت دودھ دینے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و نعمان بن سنان (خزرجی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

315. يَا مَجِيْدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا اَرْجَحُ النَّاسِ حِلْمًا، بِعَدَدِ الرُّوْحِ فِي الْاَرْوَاحِ وَقَوْلُكَ فِيْ كِتَابِ الْبُخَارِيْ بَابُ صِلَةِ الْاَخِ الْمُشْرِكِ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِيْ مَاتَ بِهِ الْفَرَسُ الَّذِيْ اِشْتَرَاهُ مِنْ اَعْرَابِيٍّ فَاَنْكَرَ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَنعمان بن عمرو (خزرجی) رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْمَجِيْدُ الْحَفِيْظُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت ارجح الناس حلما ﷺ روح فی الارواح کے تعداد کے برابر باب کافر و مشرک بھائی کے ساتھ اچھا سلوک کرنا اور اعرابی کے انکار کے واقعہ کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و نعمان بن عمرو (خزرجی) رضی اللہ

تعالیٰ عنہ پر۔

316. يَا مَجِيْدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدِنَا دَاعِيَ اللهِ، بِعَدَدِ الْمَوْجُوْدِ فِي الْوُجُوْدِ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الْبُخَارِي 10- بَابُ فَضْلِ صِلَةِ الرَّحِمِ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِيْ لَمْ يَكُنْ لَّهُ الظِّلُّ فِ الشَّمْسِ وَلَا فِي الْقَمَرِ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَنعمان بن عبد عمرو (خزرجی) رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ إِنَّكَ أَنْتَ الْمَجِيْدُ الْحَفِيْظُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت داعی اللہ ﷺ وجودوں میں موجود کی تعداد کے برابر باب ناطہٰ والوں سے صلہ رحمی کی فضیلت اور سورج اور چاند میں سایہ نہ ہونے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و نعمان بن عبد عمرو (خزرجی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

317. يَا مَجِيْدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدِنَا الدَّاعِيْ إِلَى اللهِ، بِعَدَدِ الْمَعْدُوْمِ فِي الْمَعْلُوْمِ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الْبُخَارِي 11- بَابُ إِثْمِ الْقَاطِعِ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِيْ كَالْبَعِيْرِ الْمَخْشُوْشِ مَعَهُ الشَّجَرَتَانِ بِشَاطِئِ الْوَادِيْ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَنعمان بن عمرو (خزرجی) رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ إِنَّكَ أَنْتَ الْمَجِيْدُ الْحَفِيْظُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت داعی الی اللہ ﷺ معلوم میں معدوم کے تعداد کے برابر باب قطع رحمی کرنے والے کا گناہ اور وادی میں درختوں کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و نعمان بن عمرو (خزرجی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

318. يَا مَجِيْدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدِنَا الدَّاعِيْ إِلَى الرُّشْدِ، بِعَدَدِ الْمَفْقُوْدِ فِي الْمَوْجُوْدِ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الْبُخَارِي بَابُ مَنْ بُسِطَ لَهُ فِي الرِّزْقِ بِصِلَةِ الرَّحِمِ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِيْ أَشْبَعَ مِائَةً وَّثَلٰثِيْنَ رَجُلًا بِصَاعٍ مِّنْ دَقِيْقٍ قَوْمٍ لَّا يُظْهِرُوْنَ إِلَّا بَعْدِيْ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَنعمان بن مالك (خزرجی) رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ إِنَّكَ أَنْتَ الْمَجِيْدُ الْحَفِيْظُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت داعی الی الرشد ﷺ وجودوں میں غائبوں کی تعداد کے برابر باب ناطہٰ والوں سے نیک سلوک کرنا رزق میں فراخی کا ذریعہ بنتا ہے اور ایک چھوٹے سے برتن سے 130 آدمیوں کا کھانا کھانے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و نعمان بن مالک (خزرجی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

319. يَا مَجِيْدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدِنَا دَقِيْقِ الْعِرْنَيْنِ، بِعَدَدِ الْمَوْجُوْدِ فِي الْمَفْقُوْدِ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الْبُخَارِي بَابُ مَنْ وَصَلَ وَصَلَهُ اللهُ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِيْ أَشْبَعَ مِائَةً وَّثَلٰثِيْنَ رَجُلًا بِصَاعٍ مِّنْ دَقِيْقٍ وَّسَوَادِ بَطْنِ شَاةٍ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَنوفل بن عبد الله

(خزرجی)رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْمَجِيْدُ الْحَفِيْظُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت دقیق العرنین ﷺ غائب میں موجود کے تعداد کے برابر باب جو شخص ناطہ جوڑے گا اللہ تعالی بھی اس سے ملاپ رکھے گا اور ایک برتن سے 130 آدمیوں کا پیٹ بھر کر کھانا کھانے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالی اجمعین و نوفل بن عبد اللہ (خزرجی) رضی اللہ تعالی عنہ پر۔

320. يَا مَجِيْدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدِنَا رَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ، بِعَدَدِ الْجُوْدِ فِى الْوُجُوْدِ وَقَوْلُكَ فِى كِتَابِ الْبُخَارِى بَابُ يَبُلُّ الرَّحِمَ بِبَلَالِهَا وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِىْ اَخْبَرَ اَنَّ اَبَا مَظْعُوْنٍ رَضِىَ اللهُ عَنْهُ مِنَ الْاَمْوَاتِ فَمَا بَلَغَ مَنْزِلَتَهُ حَتّٰى مَاتَ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَواقد بن عبد الله رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْمَجِيْدُ الْحَفِيْظُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت رحمۃ للمؤمنین ﷺ کائنات میں موجود ہر سخی کی سخاوت کے برابر باب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمانا ناطہ اگر قائم رکھ کر تروتازہ رکھا جائے (یعنی ناطہ کی رعایت کی جائے) تو دوسرا بھی ناطہ کو تروتازہ رکھے گا اور ابا حضرت مظعون رضی اللہ عنہ کو موت کی خبر دینے والے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالی اجمعین و واقد بن عبد اللہ رضی اللہ تعالی عنہ پر۔

321. يَا مَجِيْدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدِنَا زَائِرُ الضُّعَفَآءِ، بِعَدَدِ الْاَفْرَادِ وَالْاَزْوَاجِ وَقَوْلُكَ فِى كِتَابِ الْبُخَارِى 15-بَابُ لَيْسَ الْوَاصِلُ بِالْمُكَافِى وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِىْ اَنْبَأَ اَسْمَآءَ بِنْتَ عُمَيْسٍ رَضِىَ اللهُ عَنْهَا بِاَنْ يُّزَوِّجَهَا جَعْفَرٌ وَّاَبُوْ بَكْرٍ وَّعَلِىُّ ابْنُ اَبِىْ طَالِبٍ رَضِىَ اللهُ عَنْهُمْ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وودقه بن ایاس (خزرجی) رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْمَجِيْدُ الْحَفِيْظُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت زائر الضعفاء ﷺ افراد اور ان میں روحوں کی تعداد کے برابر باب ناطہ جوڑنے کے یہ معنی نہیں ہیں کہ صرف بدلہ ادا کر دے اور اسماء بنت عمیس کی شادیوں کا ذکر کرنے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالی اجمعین و ودقہ بن ایاس (خزرجی) رضی اللہ تعالی عنہ پر۔

322. يَا مَجِيْدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدِنَا شَثْنُ الْكَفَّيْنِ وَالْقَدَمَيْنِ، بِعَدَدِ الْفَرْدِ وَالزَّوْجِ وَقَوْلُكَ فِى كِتَابِ الْبُخَارِى بَابُ مَنْ وَصَلَ رَحِمَهُ فِى الشِّرْكِ ثُمَّ أَسْلَمَ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِىْ كَلَّمَهُ شَرٌ شَرٌ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وودیعه بن عمرو (خزرجی) رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْمَجِيْدُ الْحَفِيْظُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت شثن الکفین والقدمین ﷺ فرد اور روح کی تعداد کے برابر باب جس نے کفر کی حالت میں صلہ رحمی کی اور پھر اسلام لایا تو اس کا ثواب قائم رہے گا اور شیر کے کلام کا واقعہ کا

معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین وودیعہ بن عمرو (خزرجی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

323. يَا مَجِيْدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدُنَا شَدِيْدٌ مِّنْ غَيْرِ عُنُفٍ، بِعَدَدِ الْعَيْنِ فِي الْعُيُوْنِ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الْبُخَارِي بَابُ مَنْ تَرَكَ صَبِيَّةَ غَيْرِهِ حَتّٰى تَلْعَبَ بِهٖ أَوْ قَبَّلَهَا أَوْ مَازَحَهَا وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِىْ اَخْبَرَ اَنَّ الْمَدِيْنَةَ سَتُعْرٰى) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَة ووهب بن ابى سرح رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْمَجِيْدُ الْحَفِيْظُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت شدید من غیر عنف ﷺ آنکھوں میں بصارت کے تعداد کے برابر باب دوسرے کے بچے کو چھوڑ دینا کہ وہ کھیلے اور اس کو بوسہ دینا یا اس سے ہنسنا اور مدینہ کی آبادی اور بربادی کا خبر دینے والے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین ووہب بن ابی سرح رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

324. يَا مَجِيْدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدُنَا صَاحِبُ الصَّفْحِ الْجَمِيْلِ، بِعَدَدِ اَسْرَارِ الْوُجُوْدِ فِي الْمَوْجُوْدِ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الْبُخَارِي بَابُ رَحْمَةِ الْوَلَدِ وَتَقْبِيلِهٖ وَمُعَانَقَتِهٖ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِىْ اَخْبَرَ عَنْ وُّقُوْعِ الطَّاعُوْنِ فِي الْمَدِيْنَةِ الْمُطَهَّرَةِ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَة ووهب بن سعد رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْمَجِيْدُ الْحَفِيْظُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت صاحب الصفح الجمیل ﷺ موجود میں وجود کے اسراروں کے مطابق باب بچے کے ساتھ رحم وشفقت کرنا، اسے بوسہ دینا اور گلے سے لگانا اور مدینہ منورہ میں طاعون کے خبر دینے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین ووہب بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

325. يَا مَجِيْدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدُنَا صَاحِبُ الْمَنْزَلِ الْمُقَرَّبِ، بِعَدَدِ اَسْرَارِ الْعَدَدِ فِي الْاَعْدَادِ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الْبُخَارِي بَابُ جَعَلَ اللهُ الرَّحْمَةَ مِائَةَ جُزْءٍ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِىْ اَحْىَ الْمَوْءُوْدَةَ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَة وهانى بن نياز (اوسى) رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْمَجِيْدُ الْحَفِيْظُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت صاحب المنزل المقرب ﷺ اسرار الوجود فی الموجود کے تعداد کے بارے باب اللہ تعالیٰ نے اپنی رحمت کے سو حصے بنائے ہیں اور مردے کو زندہ کرنے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین وہانی بن نیاز (اوسی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

326. يَا مَجِيْدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدُنَا صَاحِبُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ، بِعَدَدِ الْاَسْرَارِ الرَّبَّانِيَّةِ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الْبُخَارِي بَابُ قَتْلِ الْوَلَدِ خَشْيَةَ أَنْ يَأْكُلَ مَعَهُ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِىْ جَاءَ الْاِعْصَارَ بِنَاقَةِ

الْمَفْقُوْدَةِ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَهبيل بن وهره (خزرجی)رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْمَجِيْدُ الْحَفِيْظُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت صاحب لا الہ الا اللہ ﷺ اسرار ربانیہ کے تعداد کے برابر باب اولاد کو اس ڈر سے مار ڈالنا کہ ان کو اپنے ساتھ کھلانا پڑے گا اور گمشدہ اونٹنی کی خبر دینے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و ہبیل بن وہرہ (خزرجی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

327. يَا مَجِيْدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدُنَا صَحِيْحُ الْإِسْلَامِ، بِعَدَدِ الْأَسْرَارِ الصَّمَدَانِيَّةِ وَقَوْلُكَ فِيْ كِتَابِ الْبُخَارِي بَابُ وَضْعِ الصَّبِيِّ فِي الْحِجْرِ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِيْ اَخْبَرَ اَنَّ كِرْ كِرَةَ فِي النَّارِ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَهلال بن معلى (خزرجی)رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْمَجِيْدُ الْحَفِيْظُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت صحیح الاسلام ﷺ بے نیازی کے اسراروں کے تعداد کے برابر باب بچے کو گود میں بٹھلانا اور کرکرہ کی آگ میں جلنے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و ہلال بن معلی (خزرجی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

328. يَا مَجِيْدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدُنَا صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ، بِعَدَدِ الْأَلْوَاحِ وَالْجَوَاهِرِ وَقَوْلُكَ فِيْ كِتَابِ الْبُخَارِي بَابُ وَضْعِ الصَّبِيِّ عَلَى الْفَخِذِ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِيْ اَشَارَ اِلَى الشَّجَرَةِ فَامْتَدَّتْ عَلٰى اَصْحَابِهِ الْاَبْرَارِ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَيزيد بن اخنس رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْمَجِيْدُ الْحَفِيْظُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت صراط الذین انعمت علیھم ﷺ الورح اور جواہر کے تعداد کے برابر باب بچے کو ران پر بٹھانا اور درخت کو اشارہ سے اصحاب رضی اللہ عنہم پر پھیلانے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و یزید بن اخنس رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

329. يَا مَجِيْدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدُنَا الضَّارِعُ، بِعَدَدِ الْأَصْدَافِ وَالدُّرَرِ وَقَوْلُكَ فِيْ كِتَابِ الْبُخَارِي 23- بَابُ حُسْنُ الْعَهْدِ مِنَ الْإِيْمَانِ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِيْ عَذُبَ بِهٖ مَآءُ بِيْرِ جَابِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَيزيد بن حارث (خزرجی)رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْمَجِيْدُ الْحَفِيْظُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت ضارع ﷺ سیفیوں میں موتیوں کی تعداد کے برابر باب صحبت کا حق یاد رکھنا ایمان کی نشانی ہے اور جابر رضی اللہ عنہ کے کنویں کا پانی میٹھا کرنے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت

بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و یزید بن حارث (خزرجی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

330. يَا مَجِيْدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدُنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ، بِقَدْرِ حُسْنِهٖ وَجَمَالِهٖ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الْبُخَارِي بَابُ فَضْلِ مَنْ يَعُوْلُ يَتِيْمًا وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِيْ رَآى اَبُوْ جَهْلٍ عِنْدَهٗ فَارِسًا فَخَشِيَ اَنْ يَّأْكُلَه) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَيزيد بن خزام (خزرجی) رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْمَجِيْدُ الْحَفِيْظُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت عبد الجبار ﷺ حسن اور جمال کے تعداد کے برابر باب یتیم کی پرورش کرنے والے کی فضیلت کا بیان اور ابو جہل کا اونٹنی سے ڈرنا کہ کہیں کاٹے نہ کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و یزید بن خزام (خزرجی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

331. يَا مَجِيْدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدُنَا عَبْدُ الْحَمِيْدِ، بِقَدْرِ عِلْمِهٖ وَ كَمَالِهٖ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الْبُخَارِي بَابُ السَّاعِي عَلَى الْأَرْمَلَةِ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِيْ عَلَّمَ التَّيَمُّمَ اَبَا هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَبْلَ اَنْ سَالَهُ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَيزيد بن رُقیش رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْمَجِيْدُ الْحَفِيْظُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت عبد الحمید ﷺ علم اور کمال کے تعداد کے برابر باب بیوہ عورتوں کی پرورش کرنے والے کا ثواب اور حضرت ابوہریرہؓ کو سوال سے پہلے تیمم کا طریقہ سکھلانے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و یزید بن رُقیش رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

332. يَا مَجِيْدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدُنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، بِقَدْرِ رُعْبِهٖ وَجَلَالِهٖ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الْبُخَارِي بَابُ السَّاعِي عَلَى الْمِسْكِيْنِ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِيْ قَالَ لِهَاتَيْنِ الشَّجَرَتَيْنِ اِلْتَقِيَا لِرَسُوْلِ اللهِ فَانْضَمَّتَا لَه) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَيزيد بن سکن (اوسی) رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْمَجِيْدُ الْحَفِيْظُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت عبد الوہاب ﷺ دنیا میں رعب و جلال کے تعداد کے برابر باب مسکین اور محتاجوں کی پرورش کرنے والا اور درختوں کا جمع اور واپس اپنی جگہ جانے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و یزید بن سکن (اوسی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

333. يَا مَجِيْدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدُنَا عَائِدُ الْمَرْضٰى، بِقَدْرِ قُرْبِهٖ وَوِصَالِهٖ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الْبُخَارِي 27- بَابُ رَحْمَةِ النَّاسِ وَالْبَهَائِمِ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِيْ سَالَتْهُ الْجِبَالُ اَنْ يَّطَأَ عَلَيْهَا بِالنَّعْلِ) صَلَّى اللهُ

عَلَيۡهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيۡهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَيزيد بن المنذر (خزرجی) رضی اللہ عنہ وَبَارِكۡ وَسَلِّمۡ اِنَّكَ اَنۡتَ الۡمَجِيۡدُ الۡحَفِيۡظُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت عائذ المرضی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قرب اور وصال کے تعداد کے برابر باب انسانوں اور جانوروں سب پر رحم کرنا اور (اَلَّذِیۡ سَاَلَتۡهُ الۡجِبَالُ اَنۡ يَّطَأَ عَلَيۡهَا بِالنَّعۡلِ) معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و یزید بن المنذر (خزرجی) رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

334. يَا مَجِيۡدُ صَلِّ وَسَلِّمۡ عَلٰى سَيِّدِنَا عِصۡمَةُ لِلۡاَرَامِلِ، بِقَدۡرِ شَوۡقِهٖ وَخِيَالِهٖ وَقَوۡلُكَ فِي كِتَابِ الۡبُخَارِی 28-بَابُ الۡوَصَاةِ بِالۡجَارِ وَصَاحِبِ الۡمُعۡجِزَةِ (اَلَّذِیۡ نَبَتَ الۡكَلَاۗءُ تَحۡتَ جَبِيۡنِه) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيۡهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَيزيد بن عمرو أبو قطبة الأنصاری رضی اللہ عنہ وَبَارِكۡ وَسَلِّمۡ اِنَّكَ اَنۡتَ الۡمَجِيۡدُ الۡحَفِيۡظُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت عصمۃ للارامل صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ؟؟ باب پڑوسی کے حقوق کا بیان اور (اَلَّذِیۡ نَبَتَ الۡكَلَاۗءُ تَحۡتَ جَبِيۡنِه) معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و یزید بن عمرو أبو قطبۃ الأنصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

335. يَا مَجِيۡدُ صَلِّ وَسَلِّمۡ عَلٰى سَيِّدِنَا فَصِيۡحُ اللِّسَانِ، بِقَدۡرِ اَوۡلَادِهٖ وَقَوۡلُكَ فِي كِتَابِ الۡبُخَارِی 29-بَابُ إِثۡمِ مَنۡ لَا يَأۡمَنُ جَارُهُ بَوَايِقَهُ وَصَاحِبِ الۡمُعۡجِزَةِ (اَلَّذِیۡ قَبَضَ يَدَهٗ لِبَيۡعَةِ اَبِیۡ شَهۡمٍ لِّمَا فَعَلَ بِالۡمَرۡأَةِ الۡاَجۡنَبِيَّةِ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيۡهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَيزيد بن عمرو التميمی رضی اللہ عنہ وَبَارِكۡ وَسَلِّمۡ اِنَّكَ اَنۡتَ الۡمَجِيۡدُ الۡحَفِيۡظُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت فصیح اللسان صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اولاد کے تعداد کے برابر باب اس شخص کا گناہ جس کا پڑوسی اس کے شر سے امن میں نہ رہتا ہو اور اجنبی عورت پر ہاتھ ڈالنے سے ابی شہم کے ہاتھ سوکھ جانے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و یزید بن عمرو التمیمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

336. يَا مَجِيۡدُ صَلِّ وَسَلِّمۡ عَلٰى سَيِّدِنَا الۡفَدۡغَمُ، بِقَدۡرِ نُطۡقِهٖ وَزُلَالِهٖ وَقَوۡلُكَ فِي كِتَابِ الۡبُخَارِی 30-بَابُ لَا تَحۡقِرَنَّ جَارَةٌ لِجَارَتِهَا وَصَاحِبِ الۡمُعۡجِزَةِ (اَلَّذِیۡ اَخۡبَرَ عَنۡ فَتۡحِ الشَّامِ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيۡهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَيزيد بن عمير رضی اللہ عنہ وَبَارِكۡ وَسَلِّمۡ اِنَّكَ اَنۡتَ الۡمَجِيۡدُ الۡحَفِيۡظُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت فدغم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نطفہ اور زلال کے تعداد کے برابر باب کوئی عورت اپنی پڑوسن کے لیے کسی چیز کے دینے کو حقیر نہ سمجھے اور فتح شام کی خبر دینے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و یزید بن عمیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

337. يَا مَجِيْدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدُنَا الْقَائِدُ اِلَى الْخَيْرِ بِقَدْرِ لُطْفِهٖ وَمَلَالِهٖ وَقَوْلُكَ فِیْ كِتَابِ الْبُخَارِی 31- بَابُ مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلَا يُؤْذِ جَارَهٗ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِیْ اُرْعِدَتْ يَدُ اَعْرَابِیٍّ اِخْتَرَطَ سَيْفَهٗ مِنْ اَجْلِهٖ عَلَيْهِ الصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَيزيد بن قتادة رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْمَجِيْدُ الْحَفِيْظُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت قائد الی الخیر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سکون و بے قراری کے تعداد کے برابر باب جو اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہو وہ اپنے پڑوسی کو تکلیف نہ پہنچائے اور ایک اعرابی کے ہاتھ کا واقعہ کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و یزید بن قتادۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

338. يَا مَجِيْدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدُنَا قَدَمَايَا بِقَدْرِ هِجْرِهٖ وَوِصَالِهٖ وَقَوْلُكَ فِیْ كِتَابِ الْبُخَارِی 32- بَابُ حَقِّ الْجِوَارِ فِیْ قُرْبِ الْاَبْوَابِ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِیْ اَخْبَرَ كُلَّ وَاحِدٍ مِّنْ مَّعْشَرِ قُرَيْشٍ بِمَا قَالَ يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَيزيد بن قنافة رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْمَجِيْدُ الْحَفِيْظُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت قدمایا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فراق اور وصال کے تعداد کے برابر باب پڑوسیوں میں کون سا پڑوسی مقدم ہے؟ اور فتح مکہ کے موقع پر صحابہ کو قریش کے ہر گروہ سے باخبر رکھنے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و یزید بن قنافہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

339. يَا مَجِيْدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدُنَا قِوَامُ الْمُؤْمِنِيْنَ بِقَدْرِ بَدْءِهٖ وَمَآلِهٖ وَقَوْلُكَ فِیْ كِتَابِ الْبُخَارِی 33- بَابُ كُلُّ مَعْرُوفٍ صَدَقَةٌ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِیْ اَخْبَرَ رَجُلًا بِمَا حَدَّثَ نَفْسَهٗ اَنْ لَّيْسَ فِیْ هٰذَا الْجَمْعِ اَحَدٌ مِّنِّیْ اَوْلٰى) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَيزيد بن قيس الكندی رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْمَجِيْدُ الْحَفِيْظُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت قوام المومنین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آغاز سے لے کر انجام تک باب ہر نیک کام صدقہ ہے اور (الَّذِیْ اَخْبَرَ رَجُلًا بِمَا حَدَّثَ نَفْسَهٗ اَنْ لَّيْسَ فِیْ هٰذَا الْجَمْعِ اَحَدٌ مِّنِّیْ اَوْلٰى) معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و یزید بن قیس الکندی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

340. يَا مَجِيْدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدُنَا الْمُتَمِّمُ لِمَكَارِمِ الْاَخْلَاقِ بِقَدْرِ صُلْحِهٖ وَجِدَالِهٖ وَقَوْلُكَ فِیْ كِتَابِ الْبُخَارِی بَابُ طِيبِ الْكَلَامِ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَيزيد بن قيس بن خارجة رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْمَجِيْدُ الْحَفِيْظُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت متمم لمکارم الاخلاق صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صلح اور جنگ کی تعداد کے برابر باب

خوش کلامی کا ثواب اور ایک شخص کے دل کے ارادہ یا خیال بتانے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و یزید بن قیس بن خارجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

341. يَا مَجِيْدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدُنَا مُحَرِّمُ الْخَبَائِثِ بِقَدْرِ عَفْوِهِ وَقِتَالِهِ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ البُخَارِي 35- بَابُ الرِّفْقِ فِي الأَمْرِ كُلِّهِ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِيْ زَادَ بِهِ مَاءُ بِئْرِ زِيَادِ ابْنِ الْحَارِثِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَيزيد بن قيس بن الخطيم رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ إِنَّكَ أَنْتَ الْمَجِيْدُ الْحَفِيْظُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت محرم الخبائث ﷺ آپ کے درگزر اور جہاد کے برابر باب ہر کام میں نرمی اور عمدہ اخلاق اچھی چیز ہے اور حضرت زیاد بن حارث ؓ کے کنویں کا پانی زیادہ ہونے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و یزید بن قیس بن الخطیم رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

342. يَا مَجِيْدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدُنَا الْمُسْتَغْفِرُ مِنْ غَيْرِ مَأْثَمِ بِقَدْرِ حَالِهِ وَقَالِهِ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ البُخَارِي بَابُ تَعَاوُنِ الْمُؤْمِنِينَ بَعْضِهِمْ بَعْضًا وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِيْ أَخْبَرَ بِالَّذِيْ خَلَفَ لِامْرَأَتِه فِيْ بَيْتِه وَحَنَث) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَيزيد بن كعب البهزى رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ إِنَّكَ أَنْتَ الْمَجِيْدُ الْحَفِيْظُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت مستغفر ﷺ حال اور قال کے تعداد کے برابر باب ایک مسلمان کو دوسرے مسلمان کی مدد کرنا اور صحابہ اُحد کے لیے بیوی کی گھر میں چھوڑنے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و یزید بن کعب البھزی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

343. يَا مَجِيْدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدُنَا مُصَحِّحُ الْحَسَنَاتِ بِقَدْرِ خَطِّهِ وَخَالِهِ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ البُخَارِي 37- بَابُ قَوْلِ اللهِ تَعَالَى {مَنْ يَشْفَعْ شَفَاعَةً حَسَنَةً يَكُنْ لَهُ نَصِيبٌ مِنْهَا وَمَنْ يَشْفَعْ شَفَاعَةً سَيِّئَةً يَكُنْ لَهُ كِفْلٌ مِنْهَا وَكَانَ اللهُ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ مُقِيتًا} وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِيْ نَبَتَ بِهِ بَيْنَ عَيْنَيْ فِرَاسٍ شَعْرَةٌ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَيزيد بن مالك الجعفى رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ إِنَّكَ أَنْتَ الْمَجِيْدُ الْحَفِيْظُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت مصحح الحسنات ﷺ خط و خال کے تعداد کے برابر باب اللہ تعالیٰ کا (سورۃ نساء میں) فرمان کہ جو کوئی سفارش کرے نیک کام کے لیے اس کو بھی اس میں ثواب کا ایک حصہ ملے گا اور جو کوئی سفارش کرے برے کام میں اس کو بھی حصہ اس کے عذاب سے ملے گا اور ہر چیز پر اللہ نگہبان ہے۔ اور پلک جھپکنے کے ایک واقعہ کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے

آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و یزید بن مالک الجعفی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

344. يَا مَجِيْدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدُنَا الْمَعِيْنُ، بِقَدْرِ عِزِّهٖ وَفِضَالِهٖ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الْبُخَارِي 38- بَابُ لَمْ يَكُنِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاحِشًا وَلاَ مُتَفَحِّشًا وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِيْ اَرْوٰى عَنْزًا تَشْكُوا اِلَيْهِ الظَّمَآءَ مِنْ ثَدِيِهَا وَلَمْ يَكُنْ لَّهَا قَبْلَ ذٰلِكَ قَطْرَةٌ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَيزيد بن المحجل رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْمَجِيْدُ الْحَفِيْظُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت معین ﷺ غلبہ اور فضیلت کے برابر باب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سخت گو اور بد زبان نہ تھے، «فاحش» بکنے والا اور «متفحش» لوگوں کو ہنسانے کے لیے بد زبانی کرنے والا بے حیائی کی باتیں کرنے والا اور اونٹ کا رونے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و یزید بن المحجل رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

345. يَا مَجِيْدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدُنَا الْمُغْرِمُ، بِقَدْرِ نَقْدِهٖ وَمَالِهٖ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الْبُخَارِي 39- بَابُ حُسْنِ الْخُلُقِ، وَالسَّخَاءِ، وَمَا يُكْرَهُ مِنَ الْبُخْلِ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِيْ بَكٰى عِنْدَهُ جَمَلٌ فَاسْتَوْهَبَهُ مِنَ الْمَالِكِ فَاعْتَذَرَ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَيزيد بن مربع الأنصاري رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْمَجِيْدُ الْحَفِيْظُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت مغرم ﷺ موجود اور عام مال کے برابر باب خوش خلقی اور سخاوت کا بیان اور بخل کا ناپسندیدہ ہونا اور اونٹنی کا مالک سے شکوہ کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و یزید بن مربع الانصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

346. يَا مَجِيْدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدُنَا الْمُقْتَفِيْ، اِذَا الشَّمْسِ طَلَعَتْ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الْبُخَارِي 40- بَابُ كَيْفَ يَكُونُ الرَّجُلُ فِي أَهْلِهِ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِيْ سَمِعَ اَبُوْبَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ خَبَرَ بَعْثِهٖ مِنَ الشَّجَرِ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَيزيد بن معبد الحنفي رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْمَجِيْدُ الْحَفِيْظُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت مقتفی ﷺ جب تک سورج طلوع کا نظام قائم ہے باب آدمی اپنے گھر میں کیا کرتا رہے اور حضرت ابو بکرؓ نے بعثت کی خبر درخت سے سننے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و یزید بن معبد الحنفی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

347. يَا مَجِيْدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدُنَا الْمَقْصُوْصُ، اِذَا الشَّمْسِ اَصْبَحَتْ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الْبُخَارِي 41- بَابُ الْمِقَةِ مِنَ اللّٰهِ تَعَالَى وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِيْ اَخْضَرَ الْعُوْدُ الْيَابِسُ فِيْ يَدِهٖ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَيزيد بن المنذر رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْمَجِيْدُ الْحَفِيْظُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت مقصوص ﷺ جب تک سورج روشن ہوتا رہے باب نیک آدمی کی محبت اللہ پاک لوگوں کے دلوں میں ڈال دیتا ہے اور جب سوکھی عود آپ ﷺ کے ہاتھ میں سرسبز ہونے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و یزید بن المنذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

348. يَا مَجِيْدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدِنَا الْمُكْتَفِيْ، إِذَا الشَّمْسِ اَضَاءَتْ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الْبُخَارِي بَابُ الْحُبِّ فِي اللهِ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِيْ اِمْتَلَأَتْ بِهِ مِنَ السَّمْنِ عُكَّةَ اُمِّ اَوْسٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَيزيد بن مهار خسرو رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْمَجِيْدُ الْحَفِيْظُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت مکتفی ﷺ جب تک سورج روشنی پھیلاتے رہے باب اللہ کے لیے محبت رکھنے کی فضیلت اور عکہ ام اوس رضی اللہ عنہا کا مٹکہ دودھ سے بھرنے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و یزید بن مہار خسرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

349. يَا مَجِيْدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدِنَا مُكْثِرُ الذِّكْرِ، إِذَا الشَّمْسِ كُوِّرَتْ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الْبُخَارِي 43- بَابُ قَوْلِ اللهِ تَعَالَى {يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لاَ يَسْخَرْ قَوْمٌ مِنْ قَوْمٍ عَسَى أَنْ يَكُونُوا خَيْرًا مِنْهُمْ} إِلَى قَوْلِهِ {فَأُولَئِكَ هُمُ الظَّالِمُونَ} وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِيْ مَا شَابَ بِهِ سَايِبُ ابْنُ يَزِيْدَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَيزيد بن نعامة الضبي رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْمَجِيْدُ الْحَفِيْظُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت مکثر الذکر ﷺ جب تک سورج چڑھتا رہے باب اللہ تعالیٰ کا فرمان اے ایمان والو! کوئی قوم کسی دوسری قوم کا مذاق نہ بنائے اسے حقیر نہ جانا جائے کیا معلوم شاید وہ ان سے اللہ کے نزدیک بہتر ہو۔ «فأولئک ھم الظالمون» تک۔ اور سائب ابن یزید رضی اللہ عنہ کا واقعہ کے خبر دینے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و یزید بن نعامۃ الضبی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

350. يَا مَجِيْدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدِنَا مَلِيحُ الْوَجْهِ، إِذَا الشَّمْسِ زُلْزِلَتْ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الْبُخَارِي 44- بَابُ مَا يُنْهَى مِنَ السِّبَابِ وَاللَّعْنِ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِيْ اَخْبَرَ عَنْ ظُهُوْرِ فِتَنِ الْخَوَارِجِ بِالْعِرَاقِ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَيزيد بن النعمان الكندي رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْمَجِيْدُ الْحَفِيْظُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت ملیح الوجہ ﷺ جب تک سورج غروب ہوتا رہے باب گالی دینے اور لعنت کرنے کی ممانعت اور خروج خوارج کا عراق میں ظہور کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج

آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالی اجمعین و یزید بن النعمان الکندی رضی اللہ تعالی عنہ پر۔

351. يَا مَجِيْدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا الْمُنِيْبُ، إِذَا الشَّمْسِ انْفَطَرَتْ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الْبُخَارِي 45-بَابُ مَا يَجُوزُ مِنْ ذِكْرِ النَّاسِ نَحْوَ قَوْلِهِمُ الطَّوِيلُ وَالْقَصِيرُ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِيْ كَلَّمَتْهُ الْعَنَاقُ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ ويزيد بن نعيم رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ إِنَّكَ أَنْتَ الْمَجِيْدُ الْحَفِيْظُ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت منیب ﷺ جب تک سورج روشنی بکھیرتا رہے باب کسی آدمی کی نسبت یہ کہنا کہ لمبا یا چھوٹا ہے، جائز ہے (بشرطیکہ اس کی تحقیر کی نیت نہ ہو غیبت نہیں ہے) اور عناق کے کلام کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالی اجمعین و یزید بن نعیم رضی اللہ تعالی عنہ پر۔

352. يَا مَجِيْدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا الْمُنْزَلَ عَلَيْهِ، إِذَا الشَّمْسِ فُجِّرَتْ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الْبُخَارِي 46-بَابُ الْغِيبَةِ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (الَّذِيْ أَخْبَرَ طَلْحَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ بِالْقَتْلِ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ ويزيد بن نويرة الأنصاري رضی اللہ عنہ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ إِنَّكَ أَنْتَ الْمَجِيْدُ الْحَفِيْظُ

